# Directors Report to the Shareholders on Company's Affairs and Future outlook

The Directors of Adamjee Life Assurance Company Limited take pleasure in presenting their Annual Report together with the Audited Financial Statements of the Company for the year ended December 31, 2023.

## Financial Highlights

The highlights for the year under review are as follows:

| | 31 December 2023 Audited | 31 December 2022 Audited |
|---|---|---|
| | ---------- Rupees in '000 ---------- | |
| Gross premium | **23,350,828** | 20,948,801 |
| Net premium | **22,685,659** | 20,315,452 |
| Investment income | **18,062,049** | 3,734,153 |
| Net benefits paid to and reserved for policyholders | **34,893,773** | 19,171,741 |
| Acquisition & other operating expenses | **4,312,733** | 4,067,554 |
| Profit before tax | **1,541,202** | 810,310 |
| Profit after tax | **908,075** | 497,702 |
| Size of statutory fund | **78,264,502** | 61,810,326 |
| Shareholders' equity | **4,417,568** | 3,748,290 |
| | ---------- Rupees in '000 ---------- | |
| Earnings per share | **3.63** | 1.99 |

## Performance Review

In the fiscal year 2023, Pakistan's Gross Domestic Product growth rate experienced a notable decline, registering at 0.29%, in stark contrast to the 6.10% recorded in the corresponding period of the previous year. The economic downturn was exacerbated by severe macroeconomic imbalances, domestic supply shocks, and a global economic slowdown. Furthermore, the Investment to GDP ratio decreased from 15.7% in FY22 to 13.6% in FY23. Notably, the per capita income exhibited a decline from USD 1,765 in FY22 to USD 1,568 in FY23, reflecting the challenging economic conditions during the period.

Despite the fact that insurance penetration is also correlated with economic growth and disposable income, both of which have been negatively impacted by political turmoil and inflationary pressure, our business partners and effective direct sales force have continued to maintain their reach to the prospects, underpinning the need to hedge uncertainties of life.

The Company has demonstrated exceptional resilience amidst challenging economic conditions, a testament to the strategic buildup of its portfolio over the years and growth in its topline. This, coupled with lower acquisition costs and favorable investment returns on statutory reserves, has contributed in producing excellent profitability

The Company though experienced a 6.9% decline in new business from individual regular premium policies, there were notable positive trends in other segments. Renewal premium and corporate group life business exhibited robust growth, increasing by 5.52% and 23.28%, respectively. Furthermore, business from single premium policies saw a substantial uptick, recording a growth of 26.54%. Consequently, the total gross premium of the Company witnessed an impressive 11.47% increase compared to the previous year.

The Company's underwriting surplus, representing profit before operating expenditure and income from Shareholders' fund, has demonstrated significant growth, reaching Rs 2,114 million compared to Rs. 1,440 million in the previous year. This marks a substantial increase of 46.84%.





The notable expansion in underwriting surplus can be attributed to several factors:

Firstly, there was a boost in income derived from interest-based securities, which were strategically invested against solvency and other reserves in the statutory fund. Additionally, the increase in the policy holder fund size and well controlled acquisition / distribution cost has played a pivotal role in enhancing the Company's underwriting surplus.

Moreover, the Company has benefited from a more favorable mortality experience compared to the previous year. This positive outcome has further contributed to the overall improvement in underwriting surplus. The combination of these factors reflects the effectiveness of the Company's financial strategies and risk management practices.

The Company's net income (before surplus transfer) from shareholders' fund has risen significantly to Rs. 501 million as against Rs. 208 million in the last year due to better rate of return on investment.

The operational expenditure was increased by 29% as compared to last year, which is still in line with inflation rate persisted in year 2023. Nevertheless, the operating expenses were below the budgeted allocations by 15% demonstrating managements vigilance before embarking upon new expenses kept in the budget.

The resultant profit before tax of the Company has thus increased to Rs. 1.54 billion as compared to Rs. 810 million in the last year, generating an earnings per share of Rs. 3.63 for the year as against the 1.99 per share last year.

The returns and cash value has significantly improved in the statutory / policyholder's funds which are majorly invested in comparatively low risk, debt and money market instruments due to historically high interest rates. The performance of equity market was also historical and had produced excellent returns. The combined average return on all funds was approx. 27.65% p.a. as against 14% p.a. in 2022.

The Company's Claims Settlement Ratio within 90 days of intimation was 83% and the Company's Complaint Closure Ratio within 30 days was 97%.

The Company's size of Statutory Fund was Rs. 78.2 billion as of December 31, 2022, registering an increase of 26.6% over the period of one year.

There was no major development in the matter of petitions filed by the Company and other life insurance industry players in the Hon'ble High Courts of Sindh and Lahore, against the levy of Sindh Sales Tax on Services (SST) and Punjab Sales Tax on Services (PST) by the Sindh Revenue Board and Punjab Revenue Authority (PRA) respectively. The Company has not provided any liability against this levy as it believes that such sales tax on services cannot be levied on Life Insurance policy which is a contingent contract rather than a service.

## Window Takaful Operations

The gross contribution generated from Window Takaful Operations was Rs. 3.988 Billion (Dec 31, 2022: Rs. 4.166 Billion). The profit before tax that has been reported for December 31, 2023 amounts to Rs. 251 million, which is an increase of 37.53% from the corresponding period i.e. Rs. 184.082 million. The new business mix of takaful was 30% as against 38% in the last year.

## Surplus Transfer

During the year, a surplus amount of Rs. 500 million has been transferred from the statutory funds to the shareholder's fund. Such an amount was transferred based on the advice of the appointed actuary of the Company.

## Future Outlook

Pakistan's economy is undergoing a process of structural reforms in alignment with the International financing programs. A stable and well-functioning democracy is a prerequisite to initiating structural reforms and institutional overhauling. The government that emerges after the upcoming elections, will face numerous challenges. Fiscal imbalances, high debt payments, significantly high inflation and exchange parity pressure may pose significant hurdles to the new government's economic revival agenda. Low purchasing power of consumers, and lower government spending has contributed to the decline in sales of overall insurance sector. The revised GDP growth forecast for the fiscal year 2024 is 2%, coupled with an inflation projection of 23-25%.

The company's leadership is well aware of the prevailing economic conditions in the country and is actively implementing essential strategies to navigate the challenges. Moreover, the Company will continue to analyze situation carefully to explore new opportunities, new market and to incentivize policy holder to keep their policies active.

The Company is more than sufficiently capitalized, all its statutory funds are adequately solvent with total reserves of 1.92 Billion over its paid up capital. The Company does not see any downside impact on its equity while the country will grapple to manage economy in 2024.

## Earnings per Share

The basic and diluted earnings per share for the year 2023 was Rs. 3.63 as compared to Rs. 1.99 in 2022.

## Dividends to Shareholders

The Board of Directors has recommended a final cash dividend of Rs. 1.00 per share, i.e. 10%. This is in addition to the interim cash dividend paid by the Company of Rs. 1.00 per share (10%), thereby making a total cash dividend of Rs. 2.00 per share, i.e. 20% for the year 2023, subject to the approval of the shareholders at the Annual General Meeting of the Company to be held on April 25, 2024.

## Insurer Financial Strength Rating (IFS rating)

The Pakistan Credit Rating Agency Limited reviews the Company's IFS rating on an annual basis. On June 26, 2023, the most recent annual assessment was completed, and the company's IFS rating was confirmed at A++, with a "Stable" Outlook. The grade takes into account the Company's strong capacity to fulfil its contractual and policyholder commitments. The Company's operations under both the Conventional and Window Takaful Operations showed growth patterns and a premium base that contrasted favorably to rivals, according to the PACRA rating assessment.

## Awards and Accolades

The Company continued to add more feathers to its cap during the year 2023:

- Pakistan Digital Award (Best Website of the Year)
- NFEH CSR Award (National Forum for Environment & Health Award)
- Consumer Choice Award

## Code of Conduct & Business Ethics

Adamjee Life has established a Code of Conduct, which outlines the duties and responsibilities of all stakeholders, including board members, employees, and the company itself. This Code is based on the company's Corporate Strategy, Vision, Mission, and Core Values, and is a crucial aspect of the company culture. The Code of Conduct can be found in the Annual Report on page xx and on the company's website, and has been effectively communicated throughout the organization.

## Corporate Social Responsibility (CSR)

Being a part of one of the largest conglomerates in Pakistan, Adamjee Life has always been a purpose driven Organization. Our CSR wing – Nigehbaan - strives to improve the lives in low income communities with impactful initiatives.
The CSR Policy, which was adopted by the Board, offers a guiding framework for realizing our goal.

CSR initiatives taken during the year were:

- Executed Promising Pakistan campaign in collaboration with Indus Hospital and St. Joseph School, promoting our ongoing support for Health and Education
- A donation drive in Ramzan where we donated but also encouraged everyone to donate to renowned organizations like SIUT, JDC Foundation and Indus Hospital
- This Pinktober – breast cancer awareness month, we collaborated with Govt. bodies and leading Telehealth provider (MedIQ), a cancer survivor and our channel partners to help educate and spread awareness over this horrible yet curable disease.
- Sponsored two young leaders for the Markhoor summit in collaboration with Youth Impact and JDC foundation





- Carried out a blood Donation Drive with Indus Hospital, twice within the year.
- Honoring Dr. Jameel Jalibi Research Library through sponsorship of its Literary Awards in Urdu Literature

## Board Evaluation Mechanism

As required by the Code of Corporate Governance Regulations, the Board of Directors of the Company has a framework in place for evaluating both the performance of the Board and that of its committees on an annual basis. These review processes are conducted yearly by the Board of Directors and the Board Committees in which area needed greater focus and participation are identified and worked upon.

## Directors' Compensation

The Board of Directors is empowered under the Company's Articles to periodically determine the compensation for Non-Executive and Independent Directors. A "Board Remuneration Policy" has been authorized by the Board of Directors. Except for the meeting fee for attending the Board meetings strictly in accordance with the policy, the Company does not provide any other compensation to its non-executive directors. The compensation given to the directors including the cost of attending Board or Board committee meetings, has been properly stated in note 40 of the financial statements.

## Compliance with the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, Code of Corporate Governance for Insurers, 2016, and with PSX Rule Book

As a listed life insurance company, the Company abides by the rules of the PSX Rule Book, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) 2019, and the particular Code of Corporate Governance for Insurers, 2016. The Statement of Compliance, which relates to these standards, is appended to the Annual Report.

## Board of Directors

A total of four non-executive directors, one female director, and two independent non-executive directors make up the Board of Directors for the Company.

According to the mandated gender diversity, the Board of Directors is made up of the following:

| Name | Category |
|---|---|
| Mr. Ahmad Alman Aslam | Independent Director |
| Mr. Shahmeer Khalid Butt | Independent Director |
| Mr. Umer Mansha | Non-Executive Director |
| Mrs. Naz Mansha | Female Director |
| Mr. Shaikh Muhammad Jawed | Non-Executive Director |
| Mr. Imran Maqbool | Non-Executive Director |
| Mr. Muhammad Ali Zeb | Non-Executive Director |

Directors' Participation / Attendance in various meetings including Board, its Committees and Annual General Meeting (AGM) held during 2023 is presented in below table:

| | | Board Meeting | BAC | EHRRNC | BIC | AGM |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | No. of Meeting held During 2023 | 6 | 4 | 2 | 4 | 1 |
| Director | Mr. Shaikh Muhammad Jawed | 6 | 4 | 2 | 4 | 1 |
| Director | Mr. Umer Mansha | 6 | | 2 | | |
| Director | Mrs. Naz Mansha | 5 | | | | |
| Director | Mr. Muhammad Ali Zeb | 6 | 4 | | 4 | |
| Director | Mr. Imran Maqbool | 6 | | | 4 | |
| Director | Mr. Ahmad Alman Aslam | 3 | | | | 1 |
| Director | Mr. Shahmeer Khalid Butt | 6 | 4 | 2 | | 1 |
| Management | Mr. Samad Ali Naqvi | | 4 | | | 1 |
| Management | Mr. Muhammad Amir | | | | 4 | |
| Management | Ms. Zehra Faiz | | | 2 | | |
| Management | Mr. Jalal Meghani | 6 | 4 | | 4 | 1 |
| Management | Mr. Amin Nizar Ali | | | | 4 | |
| Management | Mr. Manzar Mushtaq | 6 | 4 | 2 | 4 | 1 |

BAC: Board Audit Committee
EHRRNC: Ethics, Human resource, Remuneration and Nomination Committee
BIC: Board Investment Committee

## Management Committees under the Code of Corporate Governance for Insurers, 2016

In addition to the aforementioned, the following three committees are also chaired by the directors of the company and operate in accordance with the terms of reference laid forth in the Code of Corporate Governance for Insurers, 2016:

1. Claims Settlement Committee
2. Underwriting, Reinsurance & Co-insurance Committee
3. Risk Management & Compliance Committee

Other committees include the Investment Management Committee (IMC), the IT Steering Committee, Project Management Group (PMG), all of which are chaired by the Deputy Managing Director & Chief Financial Officer.

## Internal Audit Function

The Internal Audit Department of the company operates under a defined scope and authority, outlined in the approved Internal Audit Charter. This department follows a risk-based methodology for conducting internal audits, evaluating the effectiveness and sufficiency of internal controls, consistency in policy and procedure application, and adherence to laws and regulations. Based on the reports generated by the internal audit function, process owners take corrective actions to enhance controls. To preserve its impartiality and independence, the Internal Audit Department reports to the Board Audit Committee (BAC) in a functional capacity and to the CEO in an administrative capacity.

## Risk and Opportunity

The company has a strong risk management system in place. The Board of Directors closely monitors risks, through Risk Management & Compliance Committee, and performs comprehensive assessments to ensure smooth business operations and to take advantage of opportunities that align with the company's long-term strategies and vision. They are diligent in identifying and mitigating risks.

## Material Changes

There have been no material changes since December 31, 2022 to the date of this report.





## Holding Company

The Company is a subsidiary of the Adamjee Insurance Company Limited.

## Corporate and Financial Reporting Frame Work

- The financial statements prepared by the management of the Company present fairly its state of affairs, the result of its operations, cash flow and changes in equity.
- Proper books of accounts have been maintained by the Company.
- Appropriate accounting policies have been consistently applied in preparation of financial statements and accounting estimates are based on reasonable and prudent judgment.
- The International Accounting Standards, as applicable in Pakistan, have been followed in preparation of financial statements and any departure there from has been adequately disclosed.
- System of internal control is sound in design and has been effectively implemented and monitored.
- There are no significant doubts upon the Company's ability to continue as a going concern.
- There has been no material departure from the best practices of Corporate Governance, as detailed in the listing regulations.
- The key operating and financial data for the last six years is annexed.
- The value of assets of gratuity fund as at December 2023 is Rs. 215 million (2022: Rs. 184 Million) refer note 20 of the financial statements.

## Auditors

The retiring auditor Yousuf Adil, Chartered Accountants have completed five years as auditors of the Company and are no longer eligible for re-appointment. On recommendation of the Audit Committee, the Board of Directors have recommended the appointment of KPMG Taseer Hadi & Co, Chartered Accountants for the year 2024, who have indicated their consent to act as auditor.

## Acknowledgement

The Company's talented and distinguished executives, personnel, and field force made a significant contribution to its development and progress, and the Directors want to publicly express their gratitude for this. Their persistent dedication to upholding the highest ethical standards, providing excellent customer service, and hard work have enabled your company to establish and hold its position as one of the top players among private sector life insurers.

We must also express our thanks to Adamjee General for their ongoing support and direction, which have helped the company build a solid reputation in the marketplace.

Finally, we would like to express our gratitude to the Securities and Exchange Commission of Pakistan for their support and cooperation throughout the year as well as to our clients for their faith in us.





**February 26, 2023**

Sheikh Muhammad Jawed
Chairman Board of Directors

Manzar Mushtaq
Chief Executive Officer

دیگر کمیٹیوں میں انوسٹمنٹ مینجمنٹ کمیٹی (آئی ایم سی)، آئی ٹی سٹیرنگ کمیٹی، پراجیکٹ مینجمنٹ گروپ (پی ایم جی) شامل ہیں جن سب کی سربراہی کے فرائض ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف فنانشل آفیسر انجام دیتے ہیں۔

## انٹرنل آڈٹ فنکشن

کمپنی کا انٹرنل آڈٹ ڈیپارٹمنٹ ایک طے شدہ دائرہ کار اور اختیار کے تحت کام کرتا ہے، جو منظور شدہ انٹرنل آڈٹ چارٹر میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ شعبہ انٹرنل آڈٹ کرنے، انٹرنل کنٹرولز کی افادیت اور کفایت، پالیسی اور طریقہ کار کے اطلاق میں موافقت، اور قواعد وضوابط کی پاسداری کا جائزہ لینے کے لئے رِسک پر مبنی طریقہ کار پر عمل کرتا ہے۔ انٹرنل آڈٹ فنکشن کی طرف سے تیار کی گئی رپورٹوں کی بنیاد پر، متعلقہ ذمہ داران ان کنٹرولز کو مزید بہتر بنانے کے لئے اصلاحی اقدامات کرتے ہیں۔ اپنی غیر جانبداری اور آزادی کو برقرار رکھنے کے لئے انٹرنل آڈٹ ڈیپارٹمنٹ، اپنی فنکشنل حیثیت میں بورڈ آڈٹ کمیٹی (بی اے سی) اور انتظامی حیثیت میں سی ای او کو رپورٹ کرتا ہے۔

## رِسک اور مواقع

کمپنی نے اپنا ایک مضبوط رِسک مینجمنٹ سسٹم وضع کیا ہوا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز، رِسک مینجمنٹ اینڈ کمپلائنس کمیٹی کے ذریعے ہر رِسک پر کڑی نظر رکھتا ہے اور جامع تجزیئے تیار کرتے ہوئے کاروباری امور کو بلا روک ٹوک چلانے اور کمپنی کی دوررس حکمت عملیوں اور وژن کی روشنی میں پیدا ہونے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے ضروری اقدامات کرتا ہے۔ خطرات کی نشاندہی اور ان پر قابو پانے کے لئے وہ پوری مستعدی اور تندہی کے ساتھ کام کرتا ہے۔

## مادی تبدیلیاں

31 دسمبر 2022 سے تادمِ تحریر کوئی مادی تبدیلیاں نہیں آئیں۔

## ہولڈنگ کمپنی

کمپنی، آدمجی انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی ذیلی کمپنی ہے۔

## کارپوریٹ اور فنانشل رپورٹنگ فریم ورک

- کمپنی کی مینجمنٹ کی طرف سے تیار کی جانے والی فنانشل سٹیٹمنٹس اس کی صورتحال، اس کی سرگرمیوں کے نتائج، کیش فلو، اور ایکوئٹی میں تبدیلیوں کو عمدہ طریقے سے بیان کرتی ہیں۔
- کمپنی اپنے اکاؤنٹس کی باقاعدہ کتب مرتب کرتی ہے۔
- فنانشل سٹیٹمنٹس کی تیاری میں اکاؤنٹنگ کی موزوں پالیسیوں کو موافق انداز میں اپنایا جاتا ہے اور اکاؤنٹنگ کے تخمینے معقول اور دانشمندانہ جانچ پر مبنی ہوتے ہیں۔
- اکاؤنٹنگ کے بین الاقوامی معیارات، جیسا کہ پاکستان میں لاگو ہوتے ہیں، پر عمل کرتے ہوئے فنانشل سٹیٹمنٹس تیار کی جاتی ہیں اور ان سے کسی بھی روگردانی کا باقاعدہ طور پر افشاء کیا جاتا ہے۔
- انٹرنل کنٹرول کا نظام اپنے ڈیزائن کے لحاظ سے درست ہے اور اس پر مؤثر طریقے سے عمل کیا گیا ہے اور اس کی نگرانی کی جاتی ہے۔
- ایک فعال ادارے کے طور پر اپنی سرگرمیاں جاری رکھنے کے لئے کمپنی کی قابلیت کے بارے میں کوئی قابل ذکر شکوک وشبہات لاحق نہیں ہیں۔
- کارپوریٹ گورننس کے بہترین مروجہ طریقوں سے مادی لحاظ سے کوئی روگردانی نہیں کی گئی، جیسا کہ لسٹنگ ریگولیشنز میں بیان کئے گئے ہیں۔





- گزشتہ چھ سالوں کا کلیدی آپریٹنگ اور فنانشل ڈیٹا ضمیمہ کے طور پر دیا گیا ہے۔
- دسمبر 2023 تک گریجویٹی فنڈ کے اثاثوں کی مالیت 215 ملین روپے (2022: 184 ملین روپے)، فنانشل سٹیٹمنٹس کا نوٹ نمبر 20 ملاحظہ فرمائیں۔

## آڈیٹرز

ریٹائر ہونے والے آڈیٹر یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے کمپنی کے آڈیٹر کے طور پر پانچ سال مکمل کر لئے ہیں اور اب وہ دوبارہ تقرری کے اہل نہیں ہیں۔ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سال 2024 کے لیے KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی تقرری کی سفارش کی ہے، جنہوں نے آڈیٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے اپنی رضامندی ظاہر کی ہے۔

## اظہارِ تشکر

کمپنی کے باصلاحیت اور ممتاز ایگزیکٹوز، اہلکاروں اور فیلڈ فورس نے اس کی ترقی اور پیشرفت میں اہم کردار ادا کیا ہے جس پر ڈائریکٹرز علی اعلان ان سے اظہار تشکر کرنا چاہتے ہیں۔ اعلیٰ ترین اخلاقی معیارات کو برقرار رکھنے، بہترین کسٹمر سروس فراہم کرنے، اور سخت محنت نے آپ کی کمپنی کو اس قابل بنایا ہے کہ اس کا شمار آج نجی شعبے کی لائف انشورنس کمپنیوں میں سرفہرست آنے والے اداروں میں ہوتا ہے۔

ہم مسلسل بنیاد پر معاونت اور ہدایات پر آدمجی جنرل کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جس کی بدولت ہمیں مارکیٹ میں اپنی شہرت کو مضبوط بنانے میں مدد ملی۔

آخر میں ہم اس پورے سال کے دوران تعاون اور معاونت فراہم کرنے پر سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اور ہمارے ادارے پر اعتماد کرنے والے اپنے کلائنٹس کے بھی شکر گزار ہیں۔

ایس ایم جاوید
چیئرمین

منظر مشتاق
چیف ایگزیکٹو آفیسر

26 فروری 2023

جاری سرگرمیوں کو فروغ دیا گیا۔

- ماہ رمضان کے دوران عطیات کی مہم کے تحت نہ صرف عطیات دیئے گئے بلکہ لوگوں کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ ایس آئی یو ٹی، جے ڈی سی فاؤنڈیشن اور انڈس ہسپتال جیسے معروف اداروں کو عطیات دیں۔
- چھاتی کے کینسر کے بارے میں آگاہی کے مہینے "پنکٹوبر" کے دوران ہم نے سرکاری اداروں اور ٹیلی ہیلتھ کی خدمات فراہم کرنے والے مایہ ناز ادارے (MedIQ)، کینسر سے صحت یاب ہونے والے ایک فرد اور اپنے چینل پارٹنرز کے ساتھ مل کر اس خطرناک لیکن قابل علاج مرض کے بارے میں شعور و آگاہی پھیلانے میں مدد دی۔
- یوتھ امپیکٹ اور جے ڈی سی فاؤنڈیشن کے ساتھ مل کر دو نوجوان لیڈروں کو مارخور سمٹ کے سلسلے میں سپانسر کیا۔
- انڈس ہسپتال کے ساتھ مل کر سال میں دو بار خون کے عطیات جمع کرنے کی مہم چلائی۔
- ڈاکٹر جمیل جالبی کے اعزاز میں ان کے نام پر اردو ادب کے ادبی ایوارڈز کو سپانسر کیا۔

## بورڈ کا جانچ پرکھ کا نظام

کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز کی روشنی میں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سالانہ بنیاد پر بورڈ اور اس کی کمیٹیوں دونوں کی کارکردگی کی جانچ پرکھ کے لئے ایک فریم ورک وضع کیا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور بورڈ کی کمیٹیاں سالانہ بنیاد پر ان شعبوں کے جائزہ پر کام کرتی ہیں جن پر زیادہ توجہ کی ضرورت ہوتی ہے اور اس سلسلے میں شمولیت کا تعین کیا جاتا ہے اور اس پر کام کیا جاتا ہے۔

## ڈائریکٹرز کا معاوضہ

بورڈ آف ڈائریکٹرز کو کمپنی کے آرٹیکلز کے تحت نان ایگزیکٹو اور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا مدت وار معاوضہ طے کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے "بورڈ کی مشاہرہ پالیسی" کی منظوری ہو چکی ہے۔ پالیسی کے عین مطابق بورڈ کے اجلاسوں میں شرکت کی فیس کے سوا، کمپنی اپنے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو کوئی دیگر معاوضہ فراہم نہیں کرتی۔ ڈائریکٹرز کو دیا جانے والا معاوضہ بشمول بورڈ یا بورڈ کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے اخراجات فنانشل سٹیٹمنٹ کے نوٹ 40 میں مناسب طریقے سے بیان کر دیئے گئے ہیں۔

## لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، کوڈ آف کارپوریٹ گورننس فار انشوررز، 2016 اور پی ایس ایکس رول بک کی پاسداری

ایک لسٹڈ لائف انشورنس کمپنی کے طور پر، کمپنی PSX رول بک، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) 2019، اور بالخصوص کوڈ آف کارپوریٹ گورننس فار انشوررز، 2016 کے قواعد کی پابندی کرتی ہے۔ ان معیارات سے متعلق پاسداری کا بیان سالانہ رپورٹ کے ہمراہ ضمیمہ کے طور پر دیا گیا ہے۔

## بورڈ آف ڈائریکٹرز

کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز، کل چار نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، ایک خاتون ڈائریکٹر اور دو انڈیپنڈنٹ نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز پر مشتمل ہے۔
صنفی تنوع کی لازمی شرط کی پاسداری کرتے ہوئے بورڈ آف ڈائریکٹرز درج ذیل پر مشتمل ہے:

| نام | کیٹیگری |
|---|---|
| جناب احمد المان اسلم | انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر |
| جناب شاہ میر خالد بٹ | انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر |
| جناب عمر منشاء | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر |
| محترمہ ناز منشاء | خاتون ڈائریکٹر |
| جناب شیخ محمد جاوید | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر |
| جناب عمران مقبول | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر |
| جناب محمد علی زیب | نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر |

2023 کے دوران منعقد کئے گئے مختلف اجلاسوں بشمول بورڈ، اس کی کمیٹیوں اور سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) میں ڈائریکٹر صاحبان کی شمولیت/حاضری کی تفصیل درج ذیل ٹیبل میں دی گئی ہے:

| | | بورڈ کا اجلاس | بی اے سی | ای ایچ آر آر این سی | بی آئی سی | اے جی ایم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 2023 کے دوران منعقد کئے گئے اجلاسوں کی تعداد | 6 | 4 | 2 | 4 | 1 |
| ڈائریکٹرز | جناب شیخ محمد جاوید | 6 | 4 | 2 | 4 | 1 |
| | جناب عمر منشاء | 6 | | 2 | | |
| | محترمہ ناز منشاء | 5 | | | | |
| | جناب محمد علی زیب | 6 | 4 | | 4 | |
| | جناب عمران مقبول | 6 | | | 4 | |
| | جناب احمد المان اسلم | 3 | | | | 1 |
| | جناب شاہ میر خالد بٹ | 6 | 4 | 2 | | 1 |
| مینجمنٹ | جناب صمد علی نقوی | | 4 | | | 1 |
| | جناب محمد عامر | | | | 4 | |
| | محترمہ زہرہ فیض | | | 2 | | |
| | جناب جلال میگھانی | 6 | 4 | | 4 | 1 |
| | جناب امین نذار علی | | | | 4 | |
| | جناب منظر مشتاق | 6 | 4 | 2 | 4 | 1 |

بی اے سی: بورڈ آڈٹ کمیٹی
ای ایچ آر آر این سی: ایتھکس، ہیومن ریسورس، ریمنریشن اینڈ نامینیشن کمیٹی
بی آئی سی: بورڈ انوسٹمنٹ کمیٹی

## کوڈ آف کارپوریٹ گورننس فار انشوررز، 2016 کے تحت مینجمنٹ کمیٹیاں

مذکورہ بالا کے علاوہ درج ذیل تین کمیٹیوں کے سربراہان بھی کمپنی کے ڈائریکٹرز میں شامل ہیں اور کوڈ آف کارپوریٹ گورننس فار انشوررز، 2016 میں طے کی گئی حوالہ جاتی شرائط کے مطابق کام کرتے ہیں:

1. کلیمز سیٹلمنٹ کمیٹی
2. انڈر رائٹنگ، ری آشورنس اینڈ کو انشورنس کمیٹی
3. رسک مینجمنٹ اینڈ کمپلائنس کمیٹی

## فی حصص آمدنی

سال 2023 میں بنیادی اور Diluted فی حصص آمدنی 3.63 روپے حالانکہ 2022 میں اس کی مالیت 1.99 روپے رہی تھی۔

## حصص داران کا منافع

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 1.00 روپے فی حصص یعنی 10 فیصد کی شرح سے حتمی نقد منافع کی سفارش کی ہے۔ یہ کمپنی کی طرف سے ادا کئے گئے 1.00 روپیہ فی حصص (10 فیصد) کے عبوری نقد منافع کے علاوہ ہے جس کے بعد اب سال 2023 کا کل نقد منافع 2.00 روپے فی حصص، یعنی 20 فیصد ہو گیا ہے جو 25 اپریل 2024 کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام میں حصص داران کی منظوری سے مشروط ہے۔

## انشورر کے مالیاتی استحکام کی ریٹنگ (آئی ایف ایس ریٹنگ)

پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ سالانہ بنیاد پر کمپنی کی آئی ایف ایس ریٹنگ کا جائزہ تیار کرتی ہے۔ 26 جون 2023 کو آخری سالانہ تجزیہ مکمل کیا گیا اور کمپنی کی آئی ایف ایس ریٹنگ ++A پر کنفرم کی گئی اور آؤٹ لک Stable رہا۔ اس گریڈ میں اپنے معاہدوں اور پالیسی ہولڈرز سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کے لئے کمپنی کی مضبوط صلاحیت کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ روایتی اور ونڈو تکافل دونوں کے تحت کمپنی کی سرگرمیوں میں افزائش کے رجحانات دیکھنے میں آئے اور PACRA کے ریٹنگ تجزیہ کے مطابق پریمیم بیس حریف کمپنیوں کے برعکس سازگار رہا۔

## ایوارڈز اور اعزازات

سال 2023 کے دوران بھی کمپنی کے اعزازات میں اضافے کا سلسلہ جاری رہا:

- پاکستان ڈیجیٹل ایوارڈ (سال کی بہترین ویب سائٹ)
- این ایف ای ایچ، سی ایس آر ایوارڈ (نیشنل فورم فار انوائرمنٹ اینڈ ہیلتھ ایوارڈ)
- کنزیومر چوائس ایوارڈ

## ضابطہ اخلاق اور کاروباری اقدار

آدمجی لائف نے اپنا ایک ضابطہ اخلاق وضع کیا ہے جس میں تمام سٹیک ہولڈرز بشمول بورڈ ارکان، ملازمین اور بذاتِ خود کمپنی کے فرائض اور ذمہ داریاں طے کر دی گئی ہیں۔ یہ ضابطہ کمپنی کی کارپوریٹ سٹریٹیجی، وژن، مشن اور کلیدی اقدار پر مبنی ہے اور کمپنی کے کلچر کا ایک ناگزیر پہلو ہے۔ یہ ضابطہ اخلاق سالانہ رپورٹ کے صفحہ نمبر xx پر دیا گیا ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے اور ادارے میں ہر سطح پر اس کے بارے میں موثر آگاہی کے انتظامات کئے گئے ہیں۔

## بطور کاروباری ادارہ سماجی ذمہ داری (سی ایس آر)

پاکستان کے بڑے کاروباری گروپوں میں سے ایک گروپ کے جزو کے طور پر آدمجی لائف ہمیشہ ایک بامقصد ادارے کے طور پر کام کرتا رہا ہے۔ ہمارا سی ایس آر ونگ، "نگہبان" اپنی موثر کاوشوں کے ذریعے کم آمدنی والے طبقات کی زندگیاں بہتر بنانے کے لئے سرگرم عمل ہے۔
بورڈ کی طرف سے منظور کی گئی سی ایس آر پالیسی ہمارے مقاصد کے حصول کے لئے ایک رہنما فریم ورک کا کام دیتی ہے۔

رواں سال کے دوران سی ایس آر کی سرگرمیاں یہ رہیں:

- انڈس ہسپتال اور سینٹ جوزف سکول کے اشتراک سے Promising Pakistan مہم پر کام کیا گیا جس کے تحت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں معاونت کی





کمپنی کا کلیمز سیٹلمنٹ کا تناسب تاریخ ہذا کے 90 دن کے اندر 83 فیصد اور شکایات نمٹانے کا تناسب 30 دن میں 97 فیصد رہا۔

کمپنی کے سٹیچوٹری فنڈ کا حجم 31 دسمبر 2022 کو 78.2 ارب روپے رہا جو ایک سالہ مدت میں 26.6 فیصد اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔

سندھ اور لاہور کی فاضل ہائی کورٹس میں کمپنی اور لائف انشورنس انڈسٹری کے دیگر اداروں کی جانب سے سروسز پر سندھ ریونیو بورڈ (ایس آر بی) کی جانب سے عائد کئے گئے سندھ سیلز ٹیکس (SST) اور پنجاب ریونیو اتھارٹی (پی آر اے) کی جانب سے سروسز پر پنجاب سیلز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف دائر درخواستوں کے معاملے میں کوئی بڑی پیش رفت نہیں ہوئی۔ کمپنی نے اس ٹیکس کے سلسلے میں کوئی واجبات مہیا نہیں کئے کیونکہ اس کا ماننا ہے کہ خدمات پر اس طرح کا سیلز ٹیکس لائف انشورنس پالیسی پر نہیں لگایا جا سکتا جو کوئی سروس نہیں بلکہ ہنگامی صورتحال کے لئے کیا جانے والا معاہدہ ہے۔

## ونڈو تکافل کی سرگرمیاں:

ونڈو تکافل کی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والی خام آمدنی 3.988 ارب روپے (31 دسمبر 2022: 4.166 ارب روپے) رہی۔ 31 دسمبر 2023 کے منافع قبل از ٹیکس کی مالیت 251 ملین روپے رہی جس میں گزشتہ سال کی اسی مدت کی نسبت 37.53 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا جس کی مالیت 184.082 ملین روپے رہی تھی۔ تکافل کا نیا بزنس مکس 30 فیصد رہا جو گزشتہ سال 38 فیصد تھا۔

## سرپلس ٹرانسفر:

سال کے دوران 500 ملین روپے کی اضافی رقم سٹیچوٹری فنڈز سے حصص داران کے فنڈ میں منتقل کی گئی۔ رقم کی یہ منتقلی کمپنی کی طرف سے مقرر کئے گئے ایکچوئری کے مشورے کی بنیاد پر کی گئی۔

## آئندہ منظر نامہ:

پاکستان کی معیشت بین الاقوامی مالیاتی پروگراموں کی روشنی میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے عمل سے گزر رہی ہے۔ اداروں کی بنیادی اصلاحات اور اوور ہالنگ کے لئے ایک مستحکم اور فعال جمہوری نظام کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ آئندہ انتخابات کے بعد بننے والی حکومت کو بے شمار چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مالیاتی عدم توازن، بھاری قرضوں کی ادائیگی، نمایاں حد تک بلند افراطِ زر اور ایکسچینج پیریٹی کا دباؤ نئی حکومت کے اقتصادی بحالی کے ایجنڈے میں اہم رکاوٹیں پیدا کر سکتا ہے۔ صارفین کی کم قوت خرید، اور کم سرکاری اخراجات بحیثیت مجموعی انشورنس کے شعبے کی سیلز میں کمی کا باعث بنا ہے۔ مالی سال 2024 کے لیے نظرثانی شدہ جی ڈی پی کی نمو کی پیش گوئی 2 فیصد ہے، جس کے ساتھ افراطِ زر کی شرح کا اندازہ 23-25 فیصد ہے۔

کمپنی کی قیادت ملک کے موجودہ معاشی حالات سے بخوبی آگاہ ہے اور چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ضروری حکمت عملیوں پر فعال طریقے سے کام کر رہی ہے۔ مزید برآں، کمپنی نئے مواقع، نئی مارکیٹ کی تلاش اور پالیسی ہولڈر کو اپنی پالیسیاں فعال رکھنے پر مراعات دینے کے لئے صورتحال کا بغور تجزیہ کرتی رہے گی۔

کمپنی مناسب اور معقول حد تک کیپیٹلائزڈ ہے، اس کے تمام سٹیچوٹری فنڈز مناسب حد تک سالونٹ ہیں، اور اس کے ادا شدہ سرمایہ پر کل ذخائر کی مالیت 1.92 ارب ہے۔ اگرچہ 2024 میں پاکستان کو اپنی معیشت سنبھالنے کے لئے خاصی جدوجہد کرنا پڑے گی، کمپنی کے نزدیک اس کی ایکویٹی پر کسی منفی اثرات کا کوئی شائبہ نہیں ہے۔

# ڈائریکٹرز کا جائزہ

آدمجی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے ڈائریکٹرز کے لئے یہ امر انتہائی مسرت کا باعث ہے کہ ہم 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ مع آڈٹ شدہ مالی بیانات (Audited Financial Statements) پیش کر رہے ہیں۔

## مالیاتی امور کے نمایاں پہلو:

زیرِ نظر سال کے نمایاں پہلو درج ذیل ہیں:

| | 31 دسمبر 2023 آڈٹ شدہ | 31 دسمبر 2022 آڈٹ شدہ |
|---|---|---|
| | ----------ہزار روپے میں---------- | |
| گراس پریمیم | 23,350,828 | 20,948,801 |
| نقد پریمیم | 22,685,659 | 20,315,452 |
| سرمایہ کاری سے آمدنی | 18,062,049 | 3,734,153 |
| پالیسی ہولڈرز کو ادا شدہ اور ان کے لئے مخصوص نقد مراعات | 34,893,773 | 19,171,741 |
| خریداری یا ایکوئزیشن اور دیگر آپریشنل اخراجات | 4,312,733 | 4,067,554 |
| قبل از ٹیکس منافع | 1,541,202 | 810,310 |
| بعد از ٹیکس منافع | 908,075 | 497,702 |
| اسٹیچوٹری فنڈ | 78,264,502 | 61,810,326 |
| حصص داران کی ایکوئٹی | 4,417,568 | 3,748,290 |
| | ----------روپے میں---------- | |
| فی حصص آمدنی | 3.63 | 1.99 |

## کارکردگی کا جائزہ:

مالی سال 2023 میں پاکستان کی مجموعی ملکی پیداوار کی شرح میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 6.10 فیصد تھی اور اس کے برعکس اس سال 0.29 فیصد رہی۔ شدید میکرو اکنامک عدم توازن، ملکی سطح پر رسد کے بحرانوں اور عالمی اقتصادی کساد بازاری نے معاشی زوال میں مزید بگاڑ پیدا کیا۔ علاوہ ازیں، مجموعی ملکی پیداوار کے لحاظ سے سرمایہ کاری کا تناسب مالی سال 2022 میں 15.7 فیصد تھا جو مالی سال 2023 میں 13.6 فیصد رہا۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ فی کس آمدنی میں بھی کمی دیکھنے میں آئی جو مالی 2022 میں 1,765 امریکی ڈالر تھی اور مالی سال 2023 میں 1,568 امریکی ڈالر رہی جو اس مدت کے دوران کٹھن معاشی حالات کو ظاہر کرتی ہے۔

یہ حقیقت اپنی جگہ کہ بیمہ کی سرایت معاشی نمو اور اضافی آمدنی کے ساتھ جڑی ہوئی ہے اور سیاسی ہلچل اور افراط زر کے دباؤ کے باعث ان دونوں پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں، لیکن ہمارے کاروباری پارٹنرز اور سیلز فورس کی موثر براہ راست سرگرمیوں کی بدولت ہم نے اپنے مقاصد کو عملی جامہ پہنانے کا سلسلہ جاری رکھا ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بے یقینی کا شکار زندگی میں سہارا کس قدر اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔





کمپنی نے مشکل معاشی حالات میں مقابلے کی غیر معمولی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے، جو سالہا سال سے اس کے پورٹ فولیو میں سٹریٹجک اضافے اور اس کی صفِ اول کی مصنوعات کی افزائش کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایکوئزیشن کی لاگت اور اسٹیچوٹری ریزرو میں سرمایہ کاری کے سازگار ثمرات نے بہترین منافع کے حصول میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

کمپنی کو اگرچہ انفرادی ریگولر پریمیم پالیسیوں سے نئے کاروبار کے حصول میں 6.9 فیصد کمی کا سامنا کرنا پڑا، لیکن دیگر شعبوں کے نتائج قابل ذکر حد تک مثبت رہے۔ تجدیدی پریمیم اور کارپوریٹ گروپ لائف کے کاروبار میں بالترتیب 5.52 فیصد اور 23.28 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ علاوہ ازیں، سنگل پریمیم پالیسیوں کی کاروباری سرگرمیوں میں خاطر خواہ اضافہ دیکھا گیا، جو 26.54 فیصد تک ریکارڈ کیا گیا۔ نتیجتاً، کمپنی کے کل مجموعی پریمیم میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 11.47 فیصد کا شاندار اضافہ دیکھنے میں آیا۔

کمپنی کا انڈر رائٹنگ سرپلس، جو آپریٹنگ اخراجات سے پہلے منافع اور شیئر ہولڈرز کے فنڈ سے آمدنی کو ظاہر کرتا ہے، نمایاں افزائش کے ساتھ 2,114 ملین روپے تک پہنچ چکا ہے جو پچھلے سال میں 1,440 ملین تھا جو 46.84 فیصد کے خاطر خواہ اضافہ کو ظاہر کرتا ہے۔

انڈر رائٹنگ سرپلس میں اس نمایاں اضافے کو کئی عوامل سے منسوب کیا جاسکتا ہے:

اولاً، سود پر مبنی سیکیورٹیز سے حاصل ہونے والی آمدنی میں اضافہ ہوا، جس میں دیوالیہ پن سے تحفظ کے لئے کی جانے والی سرمایہ کاری اور سٹیچوٹری فنڈ کے دیگر ریزروز شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، پالیسی ہولڈر فنڈ کے سائز میں اضافہ اور ایکوئزیشن/ڈسٹری بیوشن کی لاگت میں خاطر خواہ کنٹرول نے کمپنی کے انڈر رائٹنگ سرپلس کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

علاوہ ازیں، گزشتہ سال کی نسبت شرح اموات کا پہلو کمپنی کے حق میں زیادہ سازگار رہا۔ اس مثبت نتیجہ کی بدولت انڈر رائٹنگ سرپلس کو بحیثیت مجموعی مزید بہتر بنانے میں مدد ملی۔ ان تمام عوامل سے کمپنی کی مالیاتی حکمت عملیوں اور رسک مینجمنٹ کے طریقوں کی افادیت کی عکاسی ہوتی ہے۔

سرمایہ کاری پر منافع کی بہتر شرح کی بدولت شیئر ہولڈرز کے فنڈ سے کمپنی کی نقد آمدنی (سرپلس کی منتقلی سے پہلے) میں نمایاں اضافے کے ساتھ 501 ملین روپے تک پہنچ گئی ہے جو گزشتہ سال 208 ملین روپے تھی۔

آپریشنل اخراجات میں گزشتہ سال کی نسبت 29 فیصد اضافہ ہوا، جو اب بھی سال 2023 میں مہنگائی کی شرح کے مطابق ہے۔ اس کے باوجود، آپریٹنگ اخراجات بجٹ میں مختص کی گئی رقم سے 15 فیصد کم رہے جو بجٹ میں رکھے گئے نئے اخراجات پر کام شروع کرنے سے پہلے انتظامیہ کی محتاط حکمت عملی کو ظاہر کرتے ہیں۔

نتیجتاً کمپنی کے قبل از ٹیکس منافع میں گزشتہ سال کے 810 ملین روپے کی نسبت 1.54 ارب روپے تک اضافہ ہوا ہے جس سے فی حصص آمدنی 3.63 روپے رہی جو گزشتہ سال 1.99 روپے فی حصص رہی تھی۔

اسٹیچوٹری/پالیسی ہولڈرز فنڈز کے منافع اور کیش ویلیو میں نمایاں بہتری آئی ہے جس کی سرمایہ کاری تاریخی طور پر بلند شرح سود کے باعث زیادہ تر نسبتاً کم رِسک پر مبنی قرض اور منی مارکیٹ کے انسٹرومنٹس میں کی جاتی ہے۔ ایکویٹی مارکیٹ کی کارکردگی بھی تاریخی رہی اور اس نے بھی شاندار منافع دیا۔ تمام فنڈز پر مجموعی اوسط منافع تقریباً 27.65 فیصد سالانہ رہا جو 2022 میں 14 فیصد سالانہ رہا تھا۔